26-03-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ آن لائن بیٹنگ کو روکنے اورختم کرنے کیلئے ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی جائے گی جیسا کہ آن لائن جوے بازی اب عالمی سطح پر جرم بن چکا ہے۔

۲۔اسمبلی میں بی آرایس کے رکن تارک راماراؤ کی جانب سے کانگریس پرمختلف کاموں کی انجام دہی کیلئے کمیشن حاصل کرنے کاالزام عائد کئے جانے کے بعدگر ما گرم بحث چھڑگئی۔

۳۔ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم کے منڈل بھدراچلم میں زیرتعمیر چھ منزلہ عمارت کے منہدم ہوجانے کے سبب کم ازکم چھ افراد ہلاک ہوگئے۔

اور

۴۔تلنگانہ میں آئندہ تین دن کے دوران درجہ حرارت میں دوتا تین ڈگری سلسیس اضافہ کاامکان ہے۔

LS-LAISHNAV:

الکٹرانک اورآئی ٹی کے مرکزی وزیراشونی ویشنو نے کہا ہے کہ حکومت نے آئی ٹی قوانین کے تحت ایک ہزار 410 گیمنگ سائٹس کوبند کردیا ہے۔انڈین سائبر کرائم کوآرڈنیشن سنٹر کی رپورٹس کے بعد یہ کارروائی کی گئی۔لوک سبھا میں آج ایک سوال کے جواب میں ویشنو نے کہا کہ بیٹنگ اورگیمبلنگ ریاستی حکومت کی فہرست میں شامل ہے لہٰذا ریاستی حکومتوں کواس سلسلہ میں قانون سازی کرنی ہوگی۔

Sound Byte

LS-JOSHI:

تغذیہ اورعوامی تقسیم کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ حکومت نے غذا کی تقسیم میں بے قاعدگی سے متعلق شکایات پر سخت اورٹھوس کارروائی کی ہے۔ لوک سبھا میں آج ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکومت نے شکایات موصول ہوتے ہی تحقیقات کرائی اورناقص غذا کی صورت میں عدالتی کارروائی شروع کی گئی۔ان کے مطابق مختلف مقامات پرغذائی اشیاء کی جانچ کیلئے ایف ایس ایس اے آئی کے ملک بھر میں 242 لیباریٹریز ، چارریفرل لیباریٹریز کے علاوہ موبائل فوڈ ٹیسٹنگ لیباریٹریز بھی ہیں۔

CUET UG:

کامن یونیورسٹی انٹرنس ٹسٹ (CUET UG) کیلئے جس کا مئی سے آغاز ہوگا، غلطیوں کی اصلاح کیلئے سہولت رات 11 بجکر 45 منٹ تک رہے گی۔ نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کے مطابق امیدوار اپنی تفصیلات بشمول نام، والد کا نام، والدہ کا نام، دسویں جماعت سے متعلق تفصیلات، 12 ویں جماعت سے متعلق تفصیلات، تاریخ پیدائش، جنس، زمرہ، تصویر، دستخط، مستقل یا جزوقتی رہائشی مقام اور پتہ وغیرہ کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ تاہم امیدوار اپنا موبائل نمبر، ای میل ایڈرس اور ایمرجنسی کنٹا کٹ نمبر تبدیل نہیں کر سکتے۔

IPL:

آئی پی ایل 2025ء کے تحت آج کولکتہ نائٹ رائیڈرس اور راجستھان رائلز کے درمیان میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ گوہاٹی میں شام ساڑھے سات بجے سے شروع ہوگا۔

WEATHER:

تلنگانہ میں آئندہ 7 دن کے دوران موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج کہا کہ توقع ہے کہ آئندہ تین دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری سلسیس کا اضافہ ہوگا۔

CM-SIT:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ آن لائن بیٹنگ کو روکنے اور ختم کرنے کیلئے ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی جائے گی جیسا کہ آن لائن جوے بازی اب عالمی سطح پر جرم بن چکا ہے۔ اسمبلی میں آج سی ایم نے اِس بات پر زور دے کر کہا کہ آن لائن بیٹنگ، رمی اور گٹکا استعمال کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے اس سلسلہ میں خاطیوں کو دی جانے والی سزاؤں میں تبدیلی لانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ریونت ریڈی نے انتباہ دیا کہ آن لائن بیٹنگ کے جرائم میں ملوث کسی بھی شخص کو سخت سزا کا سامنا کرنا پڑے گا۔

SOUND BYTE

ASSEMBLY - BHUBHARATHI:

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے اسمبلی میں کہا ہے کہ عوام نے خوفناک دھرانی قانون میں تبدیلی لانے کے لئے کانگریس کو اقتدار سونپا ہے۔ اسی بنا پر دھرانی کی جگہ بھو بھارتی سسٹم کو متعارف کرایا گیا ہے۔ بھو بارتی سے متعلق مباحثہ کے دوران وکرامارکہ نے کہا کہ کانگریس حکومت زمین کے معاملہ میں عوام کو ان کا حق دے رہی ہے۔ ان کے مطابق دھرانی کے قانون

کے تحت کوئی بھی صرف ایک دستخط کے ذریعہ کسی کی بھی زمین کو ہڑپ لے سکتا تھا تاہم اب اس قانون کو ختم کردیا گیا اور اس کی جگہ بھو بھارتی ایکٹ کو لایا گیا ہے۔ ریونیو کے وزیر سرینواس ریڈی نے کہا کہ نئے قانون کو مختلف گوشوں پر مشاورت کے بعد سائنٹفک طریقہ سے نافذ کیا گیا ہے۔

ASSEMBLY - WALKOUT:

اسمبلی میں بی آر ایس کے رکن تارک راما راؤ کی جانب سے کانگریس پر مختلف کاموں کی انجام دہی کیلئے کمیشن حاصل کرنے کا الزام عائد کئے جانے کے بعد گرما گرم بحث چھڑ گئی۔ کے ٹی آر نے الزام عائد کیا کہ ریاست بھر میں کنٹراکٹرس اپنے کاموں کے لئے 30 فیصد کمیشن ادا کررہے ہیں۔ ان کے اِن ریمارکس پر نائب وزیراعلیٰ وکرامارکہ اور حکمراں پارٹی کے دیگر ارکان نے اعتراض کیا۔ بھٹی نے مطالبہ کیا کہ یا تو کے ٹی آر ثبوت فراہم کریں یا پھر معافی مانگیں۔ اسی طرح اسپیکر پرساد کمار نے اسمبلی کے ریکارڈ سے کے ٹی آر کے بیان کو ہٹا دینے کی ہدایت دی۔ بطور احتجاج بی آر ایس کے ارکان نے واک آوٹ کیا۔

KTR - CASE:

نلگنڈہ پولیس نے بی آر ایس لیڈر کے ٹی آر کے خلاف دو مقدمات درج کئے ہیں۔ ان کے خلاف نکریکل بلدیہ کی صدر نشین رجیتا اور سرینواس نامی ایک شخص کی جانب سے کی گئی شکایت پر یہ مقدمات درج کئے گئے۔ ان دونوں نے الزام عائد کیا ہے کہ دسویں جماعت کے تلگو پرچہ امتحان کے افشاء کے کیس سے کوئی تعلق نہ ہونے کے باوجود ان کے خلاف سوشیل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈہ پھیلا گیا۔

RYTHU BHAROSA:

تلنگانہ میں نئے اور موجودہ کسانوں کے بینک اکاؤنٹس میں رعیتو بھروسہ کے فنڈس کی رقم جمع کرادی گئی ہے۔ چار ایکر اراضی کے مالک کسانوں کے اکاؤنٹ میں یہ رقم جمع کرائے گئی جبکہ چار ایکر سے زائد اراضی والے کسانوں کے اکاونٹ میں رقم اس ماہ کے اختتام تک جمع کرادی جائے گی۔

RICE:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اگادی کے موقع پر حضور نگر میں راشن کارڈ گیرندوں میں باریک چاول تقسیم کریں گے۔ یکم اپریل سے ریاست بھر میں راشن دوکانات کے ذریعہ باریک چاول کی سربراہی کا پروگرام شروع کیا جائے گا۔

DMHO:

سنگا ریڈی کے کلکٹر کرانتی نے ڈسٹرکٹ میڈیکل اینڈ ہیلتھ آفیسر کو ہدایت دی ہے کہ ظہیر آباد ایریا ہاسپٹل کی گائنا کالوجیسٹ ڈاکٹر Azmanaj کو برطرف کرنے کی ہدایت دی ہے۔ تحقیقات کے بعد یہ معلوم ہوا کہ ڈاکٹر نے حاملہ خواتین کو خانگی دواخانوں سے رجوع ہونے کا مشورہ دیا۔ کلکٹر نے طبی خدمات کی فراہمی میں لاپرواہی پر دولت آباد اور مل چلما پرائمری ہیلتھ سنٹرس کے دو ڈاکٹرس کو وجہ نمائی نوٹس بھی جاری کی۔

UTTAM ASSEMBLY:

وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ میدی گڈا بیریج کے تعلق سے ایک ویجلنس رپورٹ حاصل ہوئی ہے۔ اسمبلی میں آج انہوں نے کہا کہ نیشنل ڈیم سیفٹی اتھاریٹی کی جانب سے قطعی رپورٹ داخل کئے جانے کے بعد اِس معاملہ پر مکمل توجہ مرکوز کی جائے گی۔ وزیر نے کالیشورم بیریجس میں پانی کا رساو، ڈیزائن، تعمیر اور دیکھ بھال میں ہورہی خامیوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے ایس ایل بی سی سرنگ حادثہ کو غیر متوقع قرار دیا اور یقین دلایا کہ عالمی سطح کے ماہرین کے ساتھ بچاو آپریشن جاری رکھا جائے گا۔

CM - BYELECTIONS:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ان قیاس آرائیوں کو مسترد کر دیا کہ ریاست میں ضمنی انتخابات منعقد ہونے والے ہیں۔ انہوں نے اسمبلی میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس پارٹی نے دوسری پارٹی سے آنے والوں کو وزیر بنایا جبکہ کانگریس نے ایسے افراد کو کوئی عہدہ نہیں دیا۔ ریونت ریڈی نے یہ بات بھی یاد دلائی کہ یہ معاملہ اس وقت سپریم کورٹ میں زیر دوران ہے۔

PROCESSION:

اس سال افضل گنج اور سلطان بازار حدود میں سری رام ناومی جلوس کے پیش نظر حیدر آباد پولیس نے آج جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا۔ جلوس بیگم بازار چھتری سے نکل کر کوٹھی میں واقع ہنومان ویام شالا پہنچے گا۔ جلوس کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے یہ معائنہ کیا گیا۔

MOU:

سیسکو نے حیدر آباد میں واقع اسکل یونیورسٹی میں اسکل ٹریننگ کی فراہمی کیلئے حکومت کے ساتھ ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے ہیں۔ سیسکو کے نمائندوں نے اسمبلی کمیٹی ہال میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی اور اس معاہدہ پر تبادلہ خیال کیا۔

COLLAPSED:

ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم کے منڈل بھدراچلم میں زیرتعمیر چھ منزلہ عمارت کے منہدم ہوجانے کے سبب کم ازکم چھ افراد ہلاک ہوگئے ۔ یہ عمارت آج دوپہراچانک منہدم ہوگئی ۔ پولیس مقام واقعہ پر پہنچی اور بچاؤ اقدامات شروع کیے ۔

BILL:

قانون سازکونسل میں پنچایت راج ترمیمی بل 2025ء کومنظور کرلیا گیا۔ اس بل کوپنچایت راج سسٹم میں اصلاحات لانے کیلئے متعارف کرایا گیا تھا۔ پنچایت راج اوردیہی ترقیات کی وزیرسیتااکا نے یہ بل پیش کیا۔

○○